Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زمرہ: | طلبا | جاری کردہ: 8/21/13 | نمبر: | A-240 |
| موضوع: | طلبا کو خارج کرنے کی وجوہات | | صفحہ: | 1 کا 1 |

**تبدیلیوں کا خلاصہ**

یہ ضابطہ طلبا کو تبادلہ اور خارج کرنے کی مستند وجوہات قائم کرتا ہے۔ یہ چانسلر کے ضابطے A-240، مورخہ 5 ستمبر، 2000 کی جگہ لیتا ہے۔

**تبدیلیاں:**

- تبادلے اور خارج کرنا
- سابقہ جز بعنوان 'خارج کرنے کی وجہ کی تصدیق" کو قلمزد کرتا ہے، خارج کرنے کی وجہ کی تصدیق کے مطلوبے کو ہر اخراج کی وضاحت میں شامل کرتا ہے۔ (صفحات 1-3)
- واضح کرتا ہے کہ خارج کرنے یا تبادلے کی بنیاد کی تصدیق کرنے والے دستاویزات کو برقرار رکھنا اورتبادلے، اخراج، اور سندیافتگی کے رہنمائی خطوط کے مطابق انہیں قلم بند کرنا لازمی ہے، جو http://schools.nyc.gov/RulesPolicies/GraduationRequirements/default.htm (صفحہ 1) پر پائے جاسکتے ہیں
- والدین کے کنڈرگارٹن میں طلبا کے اخراج کے بارے میں زبان کو تبدیل کرتا ہے، بطور بچے جنکی پانچویں سالگرہ داخلے کے کیلنڈر سال میں آتی ہے ان سے کنڈرگارٹن میں شرکت کرنا مطلوب ہے، ماسوا اسکے کے انکے والدین انکو اگلے تعلیمی سال میں پہلے گریڈ میں درج کرنا منتخب کریں (صفحہ 1، § II.D)
- یہ اضافہ کرتا ہے کہ بچے کے والدین جسکی پانچویں سالگرہ داخلے کے کیلنڈر سال میں آتی ہے بچے کو کنڈرگارٹن سے رضاکارانہ طور پر نکالنے کا انتخاب کرسکتے ہیں اور اسے اگلے تعلیمی سال پہلے گریڈ میں اندراج کروانے کا فیصلہ کرسکتے ہیں؛ ایسے بچے کو خارج کیا جاسکتا ہے اور اسے اگلے تعلیمی سال میں پہلے گریڈ میں اندراج کروانا لازمی ہے (صفحہ 1، § II.D)۔
- محکمہ تعلیم کی موجودہ تنظیم کی عکاسی کرنے کے لیے عنوان کی تجدید کرتا ہے (صفحہ 1، § II.B)۔
- صراحت کے لیے زبان کو درست کرتا ہے۔
- افسران کے ناموں کی تجدید کی گئی ہے۔

**تلخیص**

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-240، مورخہ 5 ستمبر، 2000 کی جگہ ہے۔ یہ نیویارک شہر پبلک اسکولوں کے طلبا کی منتقلی اور برخاستگی کے متعلق پالیسیوں کو قائم کرتا ہے۔

**تعارف**

ایک بار اندراج ہوجانے کے بعد، طلبا کو اسکول رجسٹر سے صرف مستند وجوہات کی بنا پر ہٹایا جاسکتا ہے، جیسا کہ اس ضابطے میں بیان کیا گیا ہے۔ منتقلی ہوتی ہے جب طالب علم ایک DOE اسکول یا پروگرام سے دوسرے DOE اسکول یا پروگرام میں جاتا ہے۔
اخراج ہوتا ہے جب طالب علم نیویارک شہر اسکول نظام کو چھوڑتا ہے۔
اسکول کے لیے تمام اخراج کی وجہ کی تصدیق لازمی ہے اور خارج کرنے کے سبب کے دستاویز رکھنے چاہییں، بشمول سندیافتگی کے دستاویز، اگر اطلاق ہو، بمطابق منتقلی، خارج اور سندیافتگی ("TDG") کے رہنمائی خطوط، جو http://schools.nyc.gov/RulesPolicies/GraduationRequirements/default.htm پر دستیاب ہیں۔

I. **تبادلے**

A. طلبا کو اسکول کے رجسٹر سے ہٹایا جاسکتا ہے اگر وہ کسی دوسرے نیویارک شہر پبلک اسکول یا پروگرام میں تبادلہ کروائیں، بشمول DOE ہائی اسکول مساوی (GED) پروگرام۔

طلبا کو اسکول کے رجسٹر سے ہٹایا جاسکتا ہے اگر وہ ریاستی قانون کے مطابق اور مرکزی دفتر برائے ہوم اسکولنگ کی منظوری سے ہوم اسکولنگ میں منتقلی کروا رہے ہوں۔

II. **خارج کرنا**

ایک پبلک اسکول میں مندرج طالب علم کو نیویارک شہر اسکولی نظام سے ذیل میں درج وجوہات میں سے ایک کی بنا پر خارج کیا جاسکتا ہے۔ خارج کیے جانے کے تمام دستاویزات کو اسکول میں پُر کیے جانا چاہیئے اور طالب علم کی متوقع سندیافتگی کی تاریخ سے چھہ سال تک کے لیے فائل پر موجود رہنے چاہییں۔

A. طلبا جو نیویارک شہر سے باہر منتقل ہوجاتے ہیں وہ خارج کیے جاسکتے ہیں۔ اگر طالب علم ریاستہائے متحدہ یا پورٹوریکو میں منتقل ہورہا ہے، اسکول طالب علم کا نیا پتہ، شہر اور ریاست اور ساتھ ہی طالب علم کی نئے اسکول میں اندراج کے تحریری دستاویزات حاصل کرنے کا ذمہ دار ہے۔ اگر نئی جگہ کسی اور ملک میں ہے، اسکول طالب علم کے نئے شہر اور ملک کا نام اور والدین کی جانب سے ایک بیان لینے کا ذمہ دار ہے، جو والدین کے ذریعے تحریر کیا گیا ہو یا اسکول کے مناسب عملے کے ذریعے تصدیق شدہ کہ خاندان ریاستہائے متحدہ سے باہر منتقل ہورہا ہے۔[1] تصدیق کیے جانے والے دستاویزات کو TDG رہنمائی خطوط میں بیان کیے گئے طریقِ کار کے مطابق رکھنا اور طالب علم کے ریکارڈ میں قلم بند کرنا لازمی ہے۔

B. وہ طلبا جنہیں ایک حاضری کے استاد یا دیگر موزوں اسکولی عملے کی تفتیش کے بعد نہیں ڈھونڈا جاسکتا انہیں خارج کیا جا سکتا ہے۔ خارج کرنے کے لیے تفتیش کے نتائج کو قلم بند کرنا مطلوب ہے اور TDG رہنمائی خطوط میں بیان کیے گئے طریقِ کار کے مطابق فیلڈ سپورٹ مرکز حاضری نگران کی منظوری درکار ہے۔

C. طلبا کو ایک غیر DOE اسکول یا پروگرام میں تصدیق شدہ داخلے پر خارج کیا جاسکتا ہے، جیسے مذہبی یا نجی اسکول، یا ایک غیر DOE رہائشی یا دن کا اسکول یا پروگرام ایک انفرادی تعلیمی

[1] اس ضابطے میں "والدین" کی اصطلاح جب بھی استعمال کی جائے، اسکا مطلب طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا طالب علم کے ساتھ والدینی یا سرپرستی کے رشتے والا کوئی بھی شخص یا ایجنسی ہے۔

پروگرام (IEP) کی تجویز پر مبنی۔ کسی طالب علم کو اس وجہ سے خارج کرنے کے لیے، اسکول TDG رہنمائی خطوط میں بیان کیے گئے طریقِ کار کے مطابق طالب علم کی نئے اسکول یا پروگرام میں اندراج کے تحریری دستاویزات حاصل کرنے کا ذمہ دار ہے۔

D. کنڈرگارٹن میں فی الوقت مندرج طالب علم کے والدین جو 31 دسمبرکو یا پہلے 5 سال کی عمر کا ہوگا، بچے کو کنڈرگارٹن سے رضاکارانہ طور پر نکالنے کا انتخاب کرسکتے ہیں اور اسکے بجائے اسے اگلے تعلیمی سال پہلے گریڈ میں اندراج کروانے کا فیصلہ کرسکتے ہیں۔ ایسے بچے کنڈرگارٹن سے خارج کیے جاسکتے ہیں اور انہیں اگلے اسکولی سال پہلے گریڈ میں اندراج کروانا لازمی ہے۔ والدین کی خارج کرنے کی درخواست کے لیے دستاویز درکار ہیں۔

E. طلبا کو ایک رہائشی ادارے یا دیگر ضلع کے باہر مقام میں تصدیق شدہ داخلے کے بعد خارج کیا جاسکتا ہے جس میں DOE کا عملہ نہیں ہے، جیسے دفتر برائے بچے اور خاندان خدمات ادارہ، ہسپتال، یا فوسٹر کئیر انسٹیٹیوٹ، جب ایک عدالت یا حکومتی ایجنسی کے ذریعے ایسی تقرری کا مطالبہ کیا جائے۔ اس وجہ سے خارج کرنے کی بااختیار DOE علمے کی منظوری لازمی ہے اور TDG رہنمائی خطوط کے مطابق اسکی اعانت میں تصدیق کرنے والے دستاویز ہونا لازمی ہیں۔

F. ایک بچے کے والدین جو فی الوقت پری کنڈرگارٹن پروگرام میں مندرج ہے اور 31 دسمبر یا اس سے پہلے چار سال کی عمر کا ہوجائے گا، وہ اپنے بچے کو رضاکارانہ طور پر اسکول سے ہٹا سکتے ہیں۔ والدین کی خارج کرنے کی درخواست کے لیے دستاویز درکار ہیں۔ اسکے علاوہ، وہ طلبا جو 31 دسمبر یا اس سے پہلے چار سال کی عمر کے ہوجائیں اور جو اسکول سے 20 دن مسلسل غیرحاضر رہے ہوں انہیں TDG کے رہنمائی خطوط کے مطابق اسکول کے مناسب تفتیش اور اطلاع دینے کے طریقِ کار کی پیروی کرنے کے بعد اسکول سے خارج کیا جاسکتا ہے۔

G. طلبا جو اس سال اسکولی سال مکمل کرلیں جب وہ 17 سال کے ہوئے ہوں وہ اسکول رضاکارانہ طور پرچھوڑ سکتے ہیں۔[2] طلبا جو اس سال اسکولی سال مکمل کرلیں جب وہ 17 سال کے ہوئے ہوں اور اسکول سے 20 دن مسلسل غیرحاضر رہے ہوں اسکول کے مناسب اطلاع دینے کے طریقِ کار کی پیروی کرنے کے بعد انہیں اسکول سے خارج کیا جاسکتا ہے۔ مذکورہ بالا دونوں صورتوں میں، اسکولوں کو منصوبہ بندی انٹرویو فارم اور منصوبہ بندی انٹرویو طریقِ کار کتابچے میں بیان کیے گئے طریقہ ہائے کار کی پیروی کرنی چاہیئے۔ اسکے علاوہ، طلبا کو انکے 21 سال کی عمر تک اسکول واپس آنے کے حق کا تحریری نوٹس ملنا لازمی ہے، تا آنکہ انہوں نے پہلے سے ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل نہ کیا ہو۔

H. طلبا جو 16 یا 17 سال کی عمر کے ہیں انہیں کُل وقتی ملازمت کے لیے خارج کیا جاسکتا ہے جب وہ والدین کی رضامندی اور ایک کُل وقتی ملازمت کا سرٹیفکٹ پیش کریں۔ 17 سال سے زائد عمر کے طلبا کو ملٹری سروس میں جانے پر خارج کیا جاسکتا ہے۔ مذکورہ بالا خارج کرنے کے طریقِ کار اسکولوں کو منصوبہ بندی انٹرویو فارم اور منصوبہ بندی انٹرویو طریقِ کار کتابچے میں بیان کیے گئے طریقہ ہائے کار کے مطابق نافذ کیا جانا چاہیئے۔ طلبا کو انکے 21 سال کی عمر تک اسکول واپس آنے کے حق کا تحریری نوٹس ملنا لازمی ہے، تا آنکہ انہوں نے پہلے سے ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل نہ کیا ہو۔

I. طلبا کو ہائی اسکول سندیافتگی سے قبل ایک چار سالہ کالج کے لیے تعلیمی سند حاصل کرنے پر TDG رہنمائی خطوط میں بیان کردہ طریقہ ہائے کار کے مطابق خارج کیا جاسکتا ہے۔

J. 21 سال سے زیادہ عمرکے طلبا کو اس اسکولی سال کے اختتام پر خارج کیا جاسکتا ہے جس میں وہ 21

[2] ہر تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز 1 جولائی سے ہوتا ہے۔ وہ طلبا جو 1 جولائی کو یا اسکے بعد 17 سال کے ہوتے ہیں ان سے اس تعلیمی سال کے اختتام تک اسکول میں رہنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

سال کے ہوجائیں۔

K. فوت شدہ طلبا کو تصدیق کیے جانے پر خارج کیا جاسکتا ہے۔

L. معذوری کے حامل طلبا نیویارک ریاست کے منظور کردہ متبادل سند یا سرٹیفکٹ کے ساتھ رضاکارانہ طور پر اسکول چھوڑ سکتے ہیں اس اسکولی سال کے اختتام پر جس میں وہ 21 سال کے ہوجائیں گے یا کسی بھی وقت جب انہوں نے کم از کم 12 سال تک اسکول میں شرکت کی ہو، کنڈرگارٹن کو نکال کر۔ ایسا کوئی بھی طالب علم جو رضاکارانہ طور پر اسکول چھوڑتا ہے اسے تحریر میں مطلع کرنا لازمی ہے کہ وہ 21 سال کی عمر تک اسکول واپس آنے کا حق رکھتا/رکھتی ہے۔

M. ایک طالب علم جس نے ہائی اسکول مساوی ڈپلومہ (GED) حاصل کرلیا ہے اسے TDG رہنمائی خطوط میں بیان کردہ طریقہ ہائے کار کے مطابق خارج کیا جاسکتا ہے۔ ایک طالب علم جس نے ہائی اسکول مساوی ڈپلومہ حاصل کرلیا ہے اسے اسکول میں رہنے کا یا ایک معمول کے ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرنے کا حق حاصل ہے اس اسکولی سال کے اختتام تک جس میں انکی اکیسویں سالگرہ واقع ہو۔

N. ایک طالب علم جو ہائی اسکول ڈپلومہ کے مطلوبات کی تکمیل کر لیتا ہے اسے TDG رہنمائی خطوط اور ہائی اسکول تعلیمی پالیسی ریفرینس گائیڈ میں بیان کردہ طریقہ ہائے کار کے مطابق بطور ایک سندیافتہ کے خارج کیا جاسکتا ہے۔ ایک طالب علم جس نے اندراج کے وقت NYCDOE کے باہر کسی اسکول سے ڈپلومہ حاصل کرلیا ہے اسے بھی خارج کیا جاسکتا ہے۔

O. ہائی اسکول عام تعلیم طلبا جنہوں نے اسکولی سال مکمل کرلیا ہو جس میں وہ 17 سال کے ہوجائیں انہیں خطرناک یا تشدد کے طرزِ عمل کے لیے نکالے جانے پر چانسلر کے ضابطے A-443 کے مطابق مہتمم کی ایک سماعت کے بعد خارج کیا جا سکتا ہے۔

## III. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو یہاں بھیجنا چاہیے:

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلیفون:<br>212-374-6095 | *Office of Safety and Youth Development*<br>N.Y.C. Department of Education<br>52 Chambers Street – Room 320<br>New York, NY 10007 | فیکس:<br>212-374-5751 |